HUBCO

# 30 ویں سالانہ اجلاس عام کی اطلاع

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ کمپنی کا 30 واں سالانہ اجلاس عام بروز منگل، 05 اکتوبر، 2021ء بوقت 10:00 بجے صبح بذریعہ ویڈیو کانفرنسنگ درج ذیل اُمور کی انجام دہی کے لیے منعقد ہوگا:

**ا۔ عمومی اُمور**

1۔ مورخہ 30 جون، 2021ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی مع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی اور منظوری دینا۔

2۔ مورخہ 30 جون، 2021ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش پر 5.0 روپے فی حصص (50%) کی شرح سے حتمی منافع منقسم کی منظوری دینا اور اعلان کرنا۔

3۔ مورخہ 30 جون، 2022ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈیٹرز کی حیثیت سے اے ایف فرگوسن اینڈ کو، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی تقرری کرنا اور اُن کے لیے مشاہرے کی منظوری دینا۔

4۔ کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے مطابق، اِس سالانہ اجلاس عام (اے جی ایم) کے انعقاد کی تاریخ یعنی 05 اکتوبر، 2021ء سے شروع ہونے والی آئندہ تین برسوں کے لیے سات (7) ڈائریکٹروں کا انتخاب کرنا۔

نئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے انتخاب کے بعد درج ذیل ڈائریکٹروں کی تقرری ختم ہوجائے گی:

1) جناب ایم حبیب اللہ خان
2) جناب علی خان
3) محترمہ عالیہ خان
4) جناب محمد علی
5) جناب سعد اقبال
6) جناب منظور احمد
7) جناب جاوید اکبر
8) جناب اویس شاہد
9) ڈاکٹر ندیم عنایت

**ب۔ خصوصی امور**

غور کرنا اور، اگر مناسب سمجھا جائے، کسی تبدیلی کے بغیر درج ذیل قرارداد کو بطور خصوصی قرارداد منظور کرنا:

**تکمیل کی ضمانت/اسٹینڈ بائے لیٹر آف کریڈٹ:**

**غور کرنا اور، اگر مناسب سمجھا جائے تو درج ذیل قرارداد کو تبدیلی کے ساتھ یا تبدیلی کے بغیر خصوصی قرارداد کے طور پر منظور کرنا:**

''قرار پایا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی شق نمبر 199 کے تحت سی پی ایچ جی سی کے قرض دہندگان کو مجموعی رقم 150 ملین امریکی ڈالرز کے لیے، تاکہ ایکویٹی یا ثانوی قرض (براہ راست یا ایچ پی ایچ ایل کی معرفت) اُن کے لیے ضمانت کی مدت میں توسیع کی غرض سے (اسٹینڈ بائے لیٹر آف کریڈٹ کی صورت میں) زیادہ سے زیادہ 3 سال کے لیے فراہم کرنے کی غرض سے کمپنی کے ارکان کی منظوری ہونا چاہیے اور یہ منظوری یہاں دی جاتی ہے۔ (ا) سی پی ایچ جی سی کی فنڈنگ کی کمی پورا کرنے کے لیے، اگر کوئی ہو، اور قرض دہندگان کی تسلی کے مطابق پروجیکٹ مکمل کیا جاسکے؛ اور (ب) اصل رقم، انٹریسٹ، فیس یا کوئی دیگر رقومات جو فنانس کی دستاویزات کے تحت سی پی ایچ جی سی کی جانب سے قابل ادا ہوں''۔

''مزید قرار پایا کہ حصص یافتگان کی منظوری سے مشروط، چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او)، چیف فنانشل آفیسر (سی ایف او) اور کمپنی سیکریٹری کو انفرادی یا مشترکہ حیثیت میں، بینکوں/مالی ادارے/مالی اداروں سے ضمانت کے حصول (اسٹینڈ بائے لیٹر آف کریڈٹ کی صورت میں) بات چیت کرنے اور تمام ضروری اقدامات کرنے کے لیے اختیار دیا جاتا ہے۔''

**پ۔ دیگر اُمور**

1۔ چیئر کی اجازت سے دیگر اُمور انجام دینا۔

حسب الحکم بورڈ

فائزہ کپاڈیا رافع
کمپنی سیکریٹری

بتاریخ: 30 اگست، 2021ء
مقام: کراچی